افکار و تاثرات _______ قارئین بنام مدیر

محترمی جناب مولانا راشد الحق سمیع حقانی مدیر الحق

امید ہے مزاج گرامی بخیر ہونگے۔ مخدومی حضرت مولانا علی میاں علیہ الرحمہ کی نجی مجالس میں جن پاکستانی مجلات کا ذکر خیر ہوتا رہتا تھا ان میں ایک ماہنامہ الحق بھی ہے۔ اسکا نتیجہ ہے کہ سب سے پہلے پاکستان سے خصوصی نمبر مفکر اسلام پر الحق ہی کا نکلا اور حضرت مولاناؒ سے فکری ہم آہنگی مزاج کی یکسانیت ندوۃ العلماء سے فکری وذہنی قرب اور دیگر متعدد وجوہات کی بناء پر یہ اسکا حق بھی تھا۔ الحمد للہ مضامین بھی بڑے معتدل اور معیاری ہوتے ہیں اور یہاں ملک میں اسکے متعلق اچھی رائے ہے۔ کراچی سے مولانا فضل ربی صاحب ندوی مالک مجلس نشریات اسلام ناظم آباد نے بتایا تھا کہ چند ماہ قبل راقم الحروف کی کتاب سیرت ٹیپو سلطان شہید پر جو کراچی سے بھی چھپی ہے الحق میں ایک ہمت افزاء تعارفی مضمون چھپا تھا لیکن میں دیکھ نہ سکا اگر ممکن ہو تو اس کی ایک نقل ضرور ارسال فرمائیں۔ مفکر اسلامؒ سے آپ کے خصوصی تعلق کے پیش نظر اپنا ایک تازہ مضمون ارسال خدمت ہے امید ہے کہ آپ کو ضرور پسند آئیگا اگر طویل ہو تو قسط وار سہی۔ امید ہے کہ آپ اسکو قریبی شمارہ میں شامل اشاعت فرما کر ممنون فرمائینگے۔ مزید کیا عرض کروں خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔

دعاگو

(مولانا) محمد الیاس محی الدین الندوی جامعہ اسلامیہ بھٹکل' انڈیا

....

خدمت گرامی جناب مدیر الحق صاحب۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ' فروری کے اواخر میں بھی بندہ نے ایک تفصیلی عریضہ آنجناب کو روانہ کیا تھا پتہ نہیں ملا یا نہیں۔ آنجناب کے جواب کا اب تک منتظر ہوں۔

حضرت مولانا علی میاںؒ کے وصال کے بعد پورے ہندوستان میں ایک مہیب خلا ہو گیا ہے ایسا لگتا ہے کہ وہ سانچہ ہی ٹوٹ گیا جس میں ایسی شخصیتیں ڈھلتی تھیں حضرت مولاناؒ کے وصال